ما شاء الله كان — لا حول ولا قوة الا بالله

الحمد لله خالق الخلائق ومحقق الحقائق على [illegible] وفقنا لطبع هذه النسخة المباركة الفقهية على
وفق ظاهر الرواية تاليف حافظ الدين وارث الانبياء والمرسلين ابي البركات
عبد الله بن [illegible] رحمه الله تعالى آمين

كنز الدقائق

تأليف

مولانا عبد الله بن احمد بن محمود النسفي رحمه الله

بتحشية العالم اليلمعي مولانا المولوي محمد احسن الصديقي النانوتوي ملتقطا
من الشروح والحواشي المعتمدة التقوى عموما ومن العيني وفتح الله
المعين على شرح ملا مسكين والمستخلص والطائي والبحر
الرائق خصوصا مع زيادات سنحت عند التحشية

(رجسٹرڈ)
مكتبه [illegible] انيه
اقرأ سنٹر غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور

M T W T F S

Date: __/__/2024

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مؤلف : محمد اویس عطاری

درجہ : رابعہ (B)

جامعۃ المدینہ فیضان مدینہ جھنگ

Attari shahzada

اگر کسی اسلامی بھائی کو کوئی غلطی ملے تو اصلاح فرمادیں

رابطہ نمبر 0317 - 6339773

CamScanner

Date: __/__/2024

M T W T F S

کتاب الزکوٰۃ

تعریف:

مسلمان فقیر کو بغیر عوض کے مال کا مالک بنانا اور فقیر ھاشمی اور ھاشمی کا آزاد کردہ غلام نہ ہو اس شرط کے ساتھ کہ اس سے نفع منقطع ہو اور صرف اللہ رب تعالیٰ کی رضا کے لیے ہو۔

واجب ہونے کی شرائط:

(1) عاقل ہو (2) بالغ ہو (3) مسلمان ہو (4) آزاد ہو (5) جس کے پاس نصاب کا مالک ہے وہ قرض سے خالی ہو (6) حاجت اصلیہ سے مال خالی ہو

(7) وہ مال نامی ہو اگرچہ تقدیری طور پر ہو

زکوٰۃ کے ادا ہونے کی شرط:

(1) زکوٰۃ ادا کرتے وقت زکوٰۃ کی نیت بھی ہو (2) جو واجب ہو اس کو معزول کرنے کی نیت ہو (3) تمام کا تمام مال صدقہ کر دے

سائمہ کی تعریف:

وہ جانور جو سال کا اکثر حصہ چر کر گزارتے ہیں

اونٹ کی زکوٰۃ

تعداد اونٹ	زکوٰۃ
4	کچھ نہیں
(5) سے (24) تک ہر پانچ پر	ایک بکری
(25) سے (35) تک	بنت مخاض (ایک سال کی اونٹنی)
(36) سے (45) تک	بنت لبون (دو سال کی اونٹنی)
(46) سے (60) تک	حقہ (تین سال کی اونٹنی)

Date: __/__/2024

(61) سے (75) تک	جزعہ (چار سال کی اونٹنی)
(76) سے (90) تک	دو بنت لبون
(91) سے (120) تک	دو حقہ
(121) سے (145) تک	دو حقہ اور ہر پانچ میں ایک بکری
(150)	تین حقہ

اگر (150) سے زائد ہو تو شروع والا کام ہوگا کہ ہر پانچ میں ایک بکری اور ہر (25) میں بنت مخاض اور (36) میں بنت لبون تو یہ (195) تک کا ہو گیا یعنی

(195) تک	تین حقہ اور ایک بنت لبون
(196) سے (200) تک	چار حقہ

گائے کی زکوٰۃ

تعداد گائے	زکوٰۃ
(1) سے (29) تک	کچھ نہیں
(30) سے (39) تک	تبیع / تبیعہ (ایک سال کا بچہ)
(40) سے (59) تک	مسن / مسنہ (دو سال کا بچہ)
(60) سے (69) تک	دو تبیع / تبیعہ
(70) سے (79) تک	ایک تبیع / تبیعہ اور دو مسن / مسنہ
(80) سے (89) تک	

Date: __/__/2024

M T W T F S

بکریوں کی زکوٰۃ

زکوٰۃ	تعداد بکری
کچھ نہیں	(1) سے (39) تک
ایک بکری	(40) سے (120) تک
دو بکریاں	(121) سے (200) تک
تین بکریاں	(201) سے (399) تک
چار بکریاں	(400) سے (499) تک

اس کے بعد ہر (100) پر ایک بکری

نوٹ: بھیڑ اور بکری کی زکوٰۃ میں ثنی (ایک سال مکمل دوسرا شروع) لیا جائے گا۔

وہ جانور جن پر زکوٰۃ واجب نہیں:

(1) گھوڑا (2) خچر (3) گدھا (4) حملان (5) فصلان (6) عجاجیل (7) جن سے کام لیا جائے (8) گھر پر کھانے والے جانور (9) عفو میں (دو نصابوں کے درمیان والا حصہ) (10) مال کا ہلاک ہو جانا وجوب زکوٰۃ کے بعد

مال کی زکوٰۃ

دو سو درہم اور (20) دینار پر زکوٰۃ واجب ہے

دراہم میں وزن سبعہ معتبر ہے (دس درہم سات مثقال کے برابر ہیں)

عاشر

تعریف: وہ جس کو امام مقرر کر دے تاکہ تجار سے زکوٰۃ وصول کرے

Date: __/__/2024 M T W T F S

اسے عاشر کہتے ہیں۔

(نوٹ) عاشر مسلمانوں سے چالیسواں حصہ اور ذمی سے اس کا دو گنا اور حربی کافر سے دسواں حصہ لے۔

(جن سے عشر نہ لیا جائے) شراب کا عشر لیا جائے، خنزیر کا نہ لیا جائے، جو گھر میں سامان ہو اس سے بھی نہ لے، مال مضاربت سے عشر نہ لے، مال بضاعت کا عشر بھی نہ لے، اور وہ غلام جس کو تجارت کی اجازت ملی ہو اس سے بھی نہ لے

باب الرکاز

* اگر کسی کی زمین سے سونا وغیرہ کی کان نکلے تو پانچواں حصہ لیا جائے گا
* اگر کسی کے گھر میں نکلے تو پانچواں حصہ نہیں
* اگر کسی نے مدفون مال پایا تو اس پر بھی پانچواں حصہ ہوگا اور باقی چار حصے اس زمین والے کے ہوں گے۔
* اگر کسی نے ~~دار الحر~~ دار الحرب میں معدن پایا اس پر پانچواں حصہ نہیں
* فیروزہ میں پانچواں حصہ نہیں اسی طرح لؤلؤ (موتی) اور عنبر میں بھی پانچواں حصہ نہیں۔

(باب العشر)

* شہد میں عشر واجب ہے بشرطیکہ عشری زمین سے حاصل ہو
* امام ابو حنیفہ (رحمۃ اللہ علیہ) کے نزدیک عشر واجب ہے اور اس میں کم یا زیادتی کی شرط نہیں اور نہ یہ شرط ہے کہ وہ سال باقی بھی رہے
* نرکل، جلانے کی لکڑی، گھاس میں عشر واجب نہیں
* اگر زمین کو ڈول وغیرہ کے ذریعے سیراب کیا ہو تو اس میں

~~بیسواں حصہ~~ نصف عشر ہوگا اور اگر بارش یا نہر سے سیراب ہو تو دسواں حصہ ہوگا۔

★ تغلبی کی عشری زمین سے دوگنا لیا جائے گا اگرچہ مسلمان ہو جائے یا کوئی مسلمان اسے خرید لے۔

(باب المصرف)

مصارفِ زکوٰۃ یہ ہیں:

(1) فقیر (2) مسکین (3) عامل (صدقات وصول کرنے والا) (4) مکاتب
(5) قرض دار (6) جو غازیوں سے منقطع ہو (7) مسافر

نوٹ: ذمی کو زکوٰۃ نہ دے صدقات دے سکتا ہے۔

جن کو زکوٰۃ نہ دی جائے:

(1) ذمی کو (2) مسجد بنانے کے لیے (3) میت کی تدفین و تکفین میں
(4) میت کے قرض کی ادائیگی (5) غلام کو خرید کر آزاد کرنے کے لیے
(6) اپنے باپ دادا کو (7) اپنی اولاد یا اولاد کی اولاد کو (8) شوہر کو
(9) بیوی کو (10) غلام کو (اپنا ہو) (11) اپنے مکاتب کو (12) اپنے مدبر کو
(13) اپنی ام ولد کو (14) جس کا بعض حصہ آزاد ہو (15) ایسے امیر کو جو مالک نصاب ہو
(16) امیر انسان کے غلام کو (17) امیر انسان کے بچے کو (18) ہاشمی سید کو
(19) ہاشمی کے آزاد کردہ غلام کو

نوٹ: فقیر کو اتنا نہ دینا کہ وہ غنی ہو جائے، مستحب ہے اس کا سوال پورا کرنا
کسی دوسرے شہر میں غیر قریب اور غیر محتاج کے لیے زکوٰۃ دینا مکروہ

(باب صدقۃ الفطر)

صدقہ فطر واجب ہونے کی شرائط:

آزاد مسلمان پر

Date: __/__/2024

M T W T F S

صدقہ فطر

صدقہ فطر کس پر واجب ہے؟

صدقہ فطر آزاد مسلمان پر واجب ہے جو ایسے نصاب کا مالک ہو جو اس کے گھر، کپڑوں، گھریلو سامان (اسباب)، گھوڑے، اسلحہ، اور اس کے غلاموں سے زائد ہو۔

صدقہ فطر کن کن کا ادا کرنا ہوگا ایک انسان کو؟

صدقہ فطر اپنا بھی ادا کرے، اپنے نابالغ بچے کا بھی، اپنے غلاموں کا، اپنے مدبر کا، اپنے مکاتب کا، اپنی ام ولد کا

صدقہ فطر جن کا ادا نہ کیا جائے:

اپنی بیوی کا صدقہ، اپنے بڑے بیٹے کا، جو غلام دو لوگوں میں مشترک ہو

صدقہ فطر کی مقدار:

نصف صاع گندم کا یا اس کا آٹا، یا ستو یا کشمش کا آدھا صاع ادا کرے اگر کھجور یا جو سے ادا کرے تو ایک صاع ادا کرے

نوٹ: صاع آٹھ رطل کا ہوتا ہے

Date: ___/___/2024

کتاب الحج

حج کی تعریف:

حج زیارت کرنا مخصوص مکان کی مخصوص زمان میں مخصوص فعل کے ساتھ

حج کا حکم:

حج ایک بار فرض ہے جو صاحب استطاعت ہو

حج کے فرض ہونے کی شرائط:

(1) آزاد (2) بالغ (3) عاقل (4) صحت مند (5) مسلمان ہونا (6) زاد راہ بقدر ضرورت ہو (7) سواری بقدر ضرورت ہو (8) آنے جانے اور اہل وعیال کے نفقہ بھی دے (9) راستہ پر امن ہو (10) محرم یا شوہر ساتھ ہو

نوٹ: اگر کسی نابالغ بچے اور غلام نے احرام باندھا اور پھر بچہ بالغ ہو گیا اور غلام آزاد ہو گیا تو وہ حج ان کا فرض حج نہیں ہوگا۔

میقات:

(1) ذوالحلیفہ (2) ذات عرق (3) جحفہ (4) قرن (5) یلملم

نوٹ: جو مکہ میں رہتے ہیں ان کے لیے حج کا احرام حرم سے باندھیں اور عمرہ کا احرام حل سے باندھیں۔

باب الاحرام

حج کا مکمل طریقہ:

جب تم احرام باندھنے کا ارادہ کرو تو پہلے وضو کرو غسل کرنا زیادہ پسندیدہ ہے اور پھر دو چادریں (نئی ہوں یا دھلی ہوئی ہوں) پہن لو اور خوشبو لگاؤ اور دو رکعت نماز پڑھو اور یہ نیت کرو

اللھم انی ارید الحج فیسرہ لی وتقبلہ منی

اے اللہ میں حج کا ارادہ کرتا ہوں پس تو میرے لئے آسان کر دے اسے

اور نہ بھول کر میری طرف سے

اور پھر تلبیہ پڑھے اور وہ یہ ہیں:

لبیک اللھم لبیک، لبیک لا شریک لک لبیک ان الحمد
والنعمۃ لک والملک لا شریک لک

~~اس تلبیہ میں اضافہ کر سکتے ہو کمی نہیں۔ بس جب نیت کے بعد تلبیہ پڑھے تو محرم ہو جائے گا بس بری باتیں، گناہوں، جھگڑے سے شکار قتل کرنے سے~~

تلبیہ میں اضافہ کر سکتے ہیں کمی نہیں۔ بس نیت کے بعد جب تلبیہ پڑھ لے تو محرم ہو جائے گا۔ کثرت سے تلبیہ پڑھتے رہو جب تم نماز پڑھو یا اونچی جگہ پر چڑھو یا اترو۔ بس ابتدا کرو مسجد حرام سے مکہ مکرمہ میں داخل ہو کر اور اللہ اکبر کہو اور بیت اللہ کو دیکھ کر لا الہ الا اللہ پڑھو پھر حجر اسود کے سامنے جا کر اللہ اکبر اور لا الہ الا اللہ کہہ کر بوسہ لو کسی کو تکلیف دیے بغیر اور پھر اضطباع (اپنی چادر کو داہنی بغل سے نکال کر بائیں کندھے پر ڈال دینا) پھر اپنی داہنی طرف سے جہاں بیت کا دروازہ ہے حطیم کے پیچھے سے بیت اللہ کے سات چکر لگائیں پھر پہلے تین چکروں میں رمل کرو اور جب بھی حجر اسود کے پاس سے گزرو تو بوسہ بھی دو اور دو رکعت نماز نفل مقام ابراہیم میں پڑھے یا مسجد میں جہاں میسر ہو وہاں پڑھ لے۔ پھر صفا کی طرف جاؤ اور صفا پر قبلہ کی طرف رخ کر کے تکبیر، تہلیل کہے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات پر درود بھیج اور اپنے رب سے اپنی حاجت مانگو پھر مروہ کی طرف جائے میلین اخضرین کے درمیان دوڑتے ہوئے جائے اور مروہ پر بھی یہی کام کرے۔ اور صفا مروہ کے سات چکر لگاؤ صفا پر شروع کرو اور مروہ پر

Date: __/__/2024

M T W T F S

ختم کرو اور پھر مکہ مکرمہ میں حالت احرام میں ٹھہرو اور جب جی چاہے طواف کرو۔ پھر آٹھویں ذوالحجہ سے پہلے حج کے احکام سکھاؤ پھر آٹھویں تاریخ کو منی کی طرف جاؤ اور وہی رہو اور پھر 9 ذوالحجہ فجر کی نماز منی میں پڑھ کر عرفات کی طرف جاؤ اور وہاں خطبہ بھی ادھر یا سنو۔ پھر ظہر اور عصر کی نماز ایک اذان اور دو اقامتوں کے ساتھ اس شرط کے ساتھ امام بھی ہو اور احرام بھی ہو۔ پھر نماز سے فارغ ہو کر جبل رحمت کے قریب عرفات میں ٹھہر جائیں۔ تمام جگہ وہاں عرفات ہے سوائے (عرنہ) کے۔ وہاں عرفات میں حمد و ثناء تکبیر، تہلیل، تلبیہ، درود اور دعا پڑھتے رہو۔ اور پھر 9 ذوالحجہ کو ہی مغرب کے بعد مزدلفہ کی طرف جاؤ اور وہاں مغرب اور عشاء کی نماز ایک اذان اور ایک اقامت کے ساتھ پڑھو۔ اور پھر وہی ٹھہر جائے اور رات گزارو۔ پھر 10 ذوالحجہ فجر وہی پڑھو اور تکبیر وغیرہ کہتے رہو۔ سارا مزدلفہ ٹھہرنے کی جگہ ہے سوائے بطن محسر کے پھر منی کی طرف فجر کے بعد سات کنکریوں کے ساتھ جاؤ اور وہاں جمرہ عقبہ کو کنکریاں مارو اور ہر کنکری پر تکبیر کہو اور پہلی کنکری مارنے کے بعد تلبیہ چھوڑ دو پھر قربانی کرو حلق کرواؤ۔ حلق کروانے کے بعد عورتوں کے علاوہ باقی ہر چیز حلال ہو جائے گی۔ پھر 10، 11 یا 12 کو مکہ مکرمہ جا کر طواف کرو سات چکر بغیر رمی اور سعی کے کرو اگر یہ دونوں پہلے کر چکے ہو۔ اب عورتیں بھی حلال ہو گئی اور طواف رکن کو ایام نحر سے مؤخر کرنا مکروہ ہے پھر 11 کو منی جاؤ اور جو مسجد کے طرف والا جمرہ ہے وہاں سے کنکریاں مارنا شروع کرو اور تینوں کو مارو۔ پھر 12 کو بھی اسی طرح رمی کرو اور اگر تم 13 کو وہی ہو تو اس دن

Date: __/__/2024 M T W T F S

بھی کر لو۔

جن باتوں سے اجتناب کیا جائے:-

(1) بری باتوں سے (2) گناہوں سے (3) جھگڑے سے (4) شکار قتل کرنے سے (5) شکار کی طرف اشارہ کرنے سے (6) شکار بتانے سے (7) شلوار پہننے سے (8) قمیض پہننے سے (9) پگڑی سے (10) ٹوپی سے (11) جبہ سے (12) موزوں سے (13) ایسے کپڑوں سے جو زعفران یا عصفر سے رنگا ہو (14) سر اور چہرے کو ڈھانپنے سے (15) خوشبو لگانے سے (16) سر منڈوانے سے (17) بال کاٹنے سے (18) ناخن کاٹنے سے

عورت کو مزید جن سے اجتناب کرنا کا حکم ہے:-

(1) عورت سر نہ کھولے چہرہ کھول کر رکھے (2) اونچی آواز سے تلبیہ نہ پڑھے (3) رمل نہ کرے (4) سعی نہ کرے (5) نہ حلق کروائے

باب القران

حج قران:

حج اور عمرہ کا احرام میقات سے باندھے اور کہے

اللھم انی ارید الحج والعمرۃ فیسرھما لی وتقبلھما منی ~~ونطوف~~ ~~ونسعی بھا~~

اے اللہ میں حج اور عمرہ کا ارادہ کرتا ہوں تو ان دونوں کو میرے لئے آسان کر دے ان دونوں کو میری طرف سے قبول فرما

قربانی نہ کر سکے:

اگر دم نہ دے سکے تو تین روزے عرفات کے دن تک رکھے اور سات روزے ایام تشریق کے بعد رکھے۔

نوٹ: اگر کسی نے (9) تک روزہ نہ رکھا تو دم لازم ہو جائے گا

نوٹ: حج قران میں اگر مکہ میں داخل نہ ہوا اور عرفات میں ٹھہر گیا تو عمرہ کی قضا بھی ہوگی اور دم بھی لازم آئے گا۔

(باب التمتع)

حج تمتع کی تعریف:

حج تمتع یہ ہے کہ احرام باندھے میقات سے عمرہ کا پھر مکمل عمرہ ادا کرے حلق کروا کر آزاد ہو جائے پھر آٹھ ذوالحجہ کو حج کا احرام باندھے اور حج کو ادا کرے۔

نوٹ: حج قران اور حج تمتع مکہ والوں کے لیے نہیں ہے

نوٹ: اگر حج تمتع والا ہدی ساتھ لے جائے اور عمرہ کر کے واپس آ جائے تو اس کا حج تمتع باطل نہیں ہوگا

مسئلہ: اگر کسی نے حج کے مہینوں سے پہلے عمرہ کا احرام باندھ کر تین چکر لگائے اور پھر حج کا مہینہ شروع ہو گیا اور اس میں باقی چار چکر لگائے تو وہ تمتع والا ہوگا علاوہ اس پھر دم بھی لازم آئے گا۔

مسئلہ: حج کے مہینے شوال، ذی القعدہ اور ذی الحجہ کے 10 دن

مسئلہ: حج کا احرام حج کے مہینے سے پہلے باندھنا صحیح تو ہے مگر مکروہ ہے

مسئلہ: آفاقی نے عمرہ کیا اور مقیم ہو گیا پھر حج ادا کیا تو تمتع ہے

مسئلہ: آفاقی نے حج کے مہینے میں عمرہ کیا اور اسے فاسد کر دیا پھر اگر وہی رہتا ہے اور حج ادا کرتا ہے تو تمتع نہیں ہوگا اگرچہ عمرہ دوبارہ بھی کر لے اور اگر گھر جا کر دوبارہ آتا ہے تو تمتع ہوگا۔

محصر کی تعریف:

وہ شخص جس کو حج یا عمرہ سے روک دیا گیا ہو اسے محصر کہتے ہیں۔

Date: __/__/2024 M T W T F S

(کتاب النکاح)

نکاح کی تعریف:

نکاح وہ عقد ہے جو ملک متعہ پر قصداً ~~واجب ہے~~ وارد ہو۔

نکاح کا حکم:

نکاح سنت ہے۔ جب شہوت کا غلبہ ہو تو واجب ہے

نکاح کب وارد ہوگا:

نکاح ایجاب و قبول سے وارد ہوتا ہے جب وہ دونوں یا ایک لفظ ماضی کے ہوں۔

گواہ کون ہوں اور ان کی شرائط:

دو آزاد مرد یا ایک آزاد مرد اور دو آزاد عورتیں ہوں

عاقل ہوں بالغ ہوں مسلمان ہوں

(فصل فی المحرمات)

جن سے نکاح حرام ہے:

(1) ماں سے (اپنی) (2) اپنی بیٹی سے (3) بہن سے (4) بھانجی

(5) بھتیجی (6) پھوپھو (7) خالہ (8) ساس (9) بیوی کی بیٹی

(10) اپنی سوتیلی ماں سے (11) اپنے بیٹے کی بیوی سے

نوٹ: یہ سب رشتے دودھ کے رشتے سے بھی حرام ہوں گے۔

مسئلہ: دو بہنوں کو ایک انسان نہیں رکھ سکتا۔

مسئلہ: اگر دو بہنوں کو جمع کر لیا اور معلوم نہ تھا کہ یہ بہنیں ہیں تو دونوں کا معلوم نہیں کہ پہلے کس کے ساتھ نکاح کیا تو دونوں سے نکاح توڑ دے اور نصف مہر ادا کرے دونوں کو۔

جن سے نکاح نہ ہو سکے:

(1) اپنی بیوی کو طلاق بائنہ دی تو اس کی بہن سے (2) باندی سے

CamScanner

Date: __/__/2024

M T W T F S

(3) غلام کا اپنی مالکہ سے (4) مجوسیہ (آتش پرست) سے

(5) وثنیہ (بت پرست) سے

جن سے نکاح ہو سکتا ہے:-

(1) کتابیہ (وہ جو کسی نبی پر ایمان رکھتی ہو اور کتاب پر عمل کرتی ہوں) سے

(2) صابیہ سے (3) محرمہ سے (4) باندی سے (5) آزاد عورت سے

(6) چار آزاد عورتیں

جو نکاح باطل ہیں:-

(1) نکاح متعہ (2) نکاح موقت

(باب الاولیاء والاکفاء)

عورت کی کن صورتوں میں اجازت مانی جائیگی نکاح کی:-

(1) خاموش رہی (2) ہنس پڑی (3) رو پڑی (4) اس کا نکاح کیا اس کو خبر پہنچی اور وہ خاموش رہی

مسئلہ: اگر ولی کے علاوہ کسی نے اجازت مانگی تو صرف سے بولنا ضروری

مسئلہ: جس کا پردہ بکارت زائل ہو گیا کودنے سے، حیض سے یا زخم سے یا دیر تک نکاح نہ کرنے سے تو وہ باکرہ کے حکم میں ہو گی۔

مسئلہ: باپ دادا چھوٹے بچوں کا نکاح کروا سکتے ہیں بغیر اجازت کے اور اگر باپ دادا نہ ہوں نکاح کروانے والے تو بالغ ہونے کے بعد اختیار ہے بچے کو نکاح رکھے یا فسخ کر دے۔

مسئلہ: اگر چھوٹے بچوں کا نکاح کروایا اور وہ اختیار فسخ تک پہنچنے سے پہلے کوئی ایک مر گیا تو دوسرا اس کی وراثت کا حقدار ہو گا۔

جو ولی نہیں ہو سکتے:-

(1) کافر (2) مجنون (3) غلام (4) کافر مرد، عورت مسلمان پر

Date: __/__/2024

M T W T F S

نوٹ: مجنونہ عورت کا ولی اس کا اپنا بیٹا ہوگا۔

مسئلہ: جب ولی نکاح توڑ سکتا ہے۔

جو غیر کفو میں نکاح کرے ولی اس نکاح کو توڑ سکتا ہے۔
مہر پر اگر ولی نے قبضہ کر لیا تو یہ اجازت ہے نکاح کی۔

کفو میں کتنی چیزیں ہیں:

(1) نسب (2) آزاد ہونا (3) مسلمان ہونا (4) دیانت دار
(5) مال (6) پیشہ

مسئلہ: اگر عورت مہر مثلی سے مہر کم کر دے تو ولی ان کا نکاح توڑ سکتا ہے۔

مسئلہ: اگر باپ دادا نے زیادہ مہر کے ساتھ چھوٹی بچی کا نکاح کر دیا تو جائز ہے۔

باب المهر

مسئلہ: غلام اور بھر لونڈی کا نکاح مولی کی اجازت کے بغیر موقوف ہے۔

مسئلہ: اگر کسی کی عدم موجودگی میں ایجاب ہوا تو وہ دوسرے کے آنے تک باقی نہیں رہے گا کہ وہ قبول کرے اور نکاح ہو جائے بلکہ جب دونوں حاضر ہو جائیں تو دوبارہ ایجاب و قبول کریں گے۔

(باب المهر)

مسئلہ مہر بغیر ذکر کیے نکاح جائز ہے۔

مہر کی مقدار:

مہر کی مقدار دس درھم

Date: __/__/2024

M T W T F S

مسئلہ اگر مہر دس درہم سے کم مقرر کیا تو دس درہم ہی عورت کو ملیں گے جب وطی ہو جائے یا شوہر فوت ہو جائے یا خلوت اختیار ہو جائے

مسئلہ طلاق دی وطی سے پہلے نصف مہر ادا کرے گا

مسئلہ مہر مقرر نہ کیا یا مہر کا انکار کیا تھا تو عورت پھر اگر شوہر وطی کر کے مر گیا تو مہر مثلی ادا کرے۔

مسئلہ شوہر نے وطی سے پہلے طلاق دی تو متعہ واجب ہوگا

(متعہ) قمیص، اوڑھنی اور چادر کو متعہ کہتے ہیں۔

وہ حالت جس میں وطی کا اطلاق نہیں ہوگا:-

(1) تنہائی ہوئی مگر ایک اتنا بیمار ہو کہ وطی نہ ہو سکے

(2) حیض ہونا (3) احرام میں ہونا (4) فرض روزہ ہونا

نوٹ: ان تمام صورتوں میں وطی کا حکم لاگو ہو جائے گا اگرچہ مرد کا ذکر کٹا ہو یا نامرد ہو یا خصی ہو اور ان تمام صورتوں میں اگر طلاق دے دی تو عدت واجب ہوگی۔

نوٹ: مفوضہ عورت کو اگر شوہر طلاق دے وطی سے پہلے تو اس کے لیے متعہ نہیں ہے۔

(مفوضہ) وہ جس نے بذات خود اپنے آپ کو شوہر کے سپرد کیا بغیر مہر کے۔

مسئلہ: نکاح شغار میں بھی مہر واجب ہے۔

(نکاح شغار) کہ بیٹی دینا اور ان سے بیٹی لینا یعنی وٹہ سٹہ کرنا

مسئلہ: اگر آزاد مرد نے آزاد عورت سے نکاح کیا اور کہا کہ مہر میں تم کو میں قرآن کی تعلیم دوں گا یا ایک سال خدمت کروں گا تو یہ مہر نہیں ہوگا۔

Date: __/__/2024 M T W T F S

مسئلہ: اگر غلام مرد نے آزاد عورت سے شادی کی اور مہر رکھا کہ میں تمہاری ایک سال خدمت کروں گا تو یہ مہر درست ہے۔

مسئلہ: کپڑے کو مہر مقرر کیا تو مہر مثل ادا کرے گا۔

مسئلہ: شراب یا خنزیر مہر مقرر کیا تو مہر مثل ادا کرے گا

مسئلہ: سرکہ کو مہر مقرر کیا اور وہ شراب نکلا تو مہر مثل ادا کرے

مسئلہ: کسی بندے کی طرف اشارہ کیا کہ یہ غلام تمہارا مہر اور وہ آزاد نکلا تو مہر مثلی ادا ہوگا۔

مسئلہ: اگر نکاح فاسد تھا تو وطی کرنے سے مہر مثلی واجب ہو جائے گا اور اس کے بیٹے کا نسب بھی اور عدت بھی واجب ہوگی۔

(مہر مثلی) عورت کے خاندان سے دیکھا جائے کہ اس جیسی لڑکی کو کتنا مہر دیا گیا جو اس کا مہر ہوگا وہی اس کو بھی دیا جائے گا

مسئلہ: اگر شوہر اور بیوی فوت ہوگئی تو مہر کے بارے میں شوہر کے گھر والوں کا قول قسم کے ساتھ معتبر ہے۔

مسئلہ: اگر شوہر نے بیوی کی طرف کوئی چیز بھیجی اور بعد میں عورت کہے کہ ہدیہ تھی اور شوہر کہے کہ وہ مہر تھا تو شوہر کا قول قسم کے ساتھ معتبر ہوگا۔

مسئلہ: اگر ذمی نے ذمیہ سے نکاح کیا اور کوئی مردار کو مہر مقرر کیا یا بغیر مہر کے نکاح کیا اور یہ ان کی طرف جائز بھی ہو پھر اس سے وطی کی یا وطی سے پہلے طلاق دے دی یا شوہر مر گیا تو اس کے لیے مہر نہیں

مسئلہ: اگر ذمی نے ذمیہ سے مقرر خنزیر اور شراب کے عوض نکاح کیا ~~تو مہر~~ اور پھر دونوں یا کوئی ایک مسلمان ہو گیا تو مہر وہی خنزیر اور شراب ہی ہوگا۔

Date: __/__/2024

M T W T F S

مسئلہ: اگر ذمی نے ذمیہ سے غیر معین شراب اور خنزیر کے بدلے نکاح کیا تو پھر دونوں یا کوئی ایک مسلمان ہو گیا تو اگر غیر معین شراب ہو تو مہر شراب کی قیمت ہو گی اور اگر غیر معین خنزیر ہو تو مہر مہر مثلی ہوگا

وہ جن کا نکاح مولی کی اجازت سے ہوگا:-

غلام، لونڈی، ام ولد، مکاتب اور مدبر کا نکاح مولی کی اجازت سے ہوگا

غلام نے بغیر اجازت نکاح کیا تو اگر مولی نے کہا اسے طلاق رجعی دو تو یہ نکاح کے صحیح ہونے پر دلیل ہے۔